﴿جملہ حقوق محفوظ ہیں﴾

| | |
|---|---|
| نام کتاب | علمی مقالات |
| تصنیف | مفتی محمد خان قادری |
| اہتمام | محمد فاروق قادری |
| کمپوزنگ | اسلامک کمپوزنگ سنٹر |
| ناشر | کاروان اسلام پبلی کیشنز لاہور |
| جلد سوم صفحات | 432 |
| اشاعت اول | اپریل 2011ء |

ملنے کے پتے

☆ فرید بک سٹال اردو بازار لاہور ☆ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، کراچی
☆ مکتبہ غوثیہ عسکری پارک کراچی ☆ مکتبہ برکات المدینہ بہادر آباد کراچی
☆ احمد بک کارپوریشن راولپنڈی ☆ اسلامک بک کارپوریشن راولپنڈی
☆ مکتبہ ضیائیہ اقبال روڈ راولپنڈی ☆ مکتبہ اعلیٰ حضرت دربار مارکیٹ لاہور
☆ مکتبہ جمال کرم دربار مارکیٹ لاہور ☆ مکتبہ تنظیم المدارس جامعہ نظامیہ لاہور
☆ مکتبہ دار العلوم دربار مارکیٹ لاہور ☆ مکتبہ نوریہ رضویہ گنج بخش روڈ لاہور
☆ مکتبہ قادریہ دربار مارکیٹ لاہور ☆ رضوان کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور
☆ قادری رضوی کتب خانہ دربار مارکیٹ لاہور ☆ مکتبہ نبویہ دربار مارکیٹ لاہور
☆ مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور ☆ مکتبہ مسلم کتابوی دربار مارکیٹ لاہور

**کاروان اسلام پبلی کیشنز لاہور**

جامعہ اسلامیہ لاہور۔ ۶، میلاد سٹریٹ گلشن رحمان ٹھوکر نیاز بیگ لاہور
042,35300353...0300.4407048

# مقالات کے نام

۱۔ نور سے ذات مصطفیٰ ﷺ مراد لینا
(اہل سنت کا موقف نہ کہ اہل بدعت کا) ۵ تا ۴۸

۲۔ رفعتِ ذکر مصطفیٰ ﷺ ۴۹ تا ۶۸

۳۔ درود و سلام کی فضیلت ۶۹ تا ۱۰۴

۴۔ تحفۂ درود و سلام ۱۰۵ تا ۱۴۶

۵۔ حدیث توسل آدم علیہ السلام
ہرگز موضوع نہیں ۱۴۷ تا ۱۸۲

۶۔ ارض خدا ملکیت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۸۳ تا ۲۱۸

۷۔ مسئلہ ترک (کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی عمل کو ترک کرنا حرام ہونے کی دلیل ہے) ۲۱۹ تا ۲۶۸

۸۔ آثار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتیں ۲۶۹ تا ۲۸۶

۹۔ اسلام اور خدمت خلق ۲۸۷ تا ۳۱۰

۱۰۔ مولانا عبدالحئی لکھنوی کی حیات وخدمات ۳۱۵ تا ۳۳۴

۱۱۔ کیا سگ مدینہ کہلانا جائز ہے؟ ۳۳۵ تا ۴۰۲

۱۲۔ المقالة المرضية فی الرد علی من ينكر الزيارة المحمدية ۴۰۳ تا ۴۱۰

اہم نوٹ: تفصیلی فہرست کتاب کے آخر میں ملاحظہ کیجیے!



# مسئلہ ترک

تصنیف:

امام عبداللہ محمد بن الصدیق الغماری

ترجمہ:

مفتی محمد خان قادری

**کاروان اسلام پبلی کیشنز لاہور**

جامعہ اسلامیہ لاہور ۱۔ میلاد سٹریٹ گلشن رحمان ٹھوکر نیاز بیگ لاہور

042,5300353...03004407048

# انتساب

مخدوم اہلسنّت استاذ گرامی حضرت العلام مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی مدظلہ
ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان کے نام
کہ جن کی استقامت اور شبانہ روز محنت شاقہ کے نتیجہ میں ملک کی
عظیم مادر علمی جامعہ نظامیہ رضویہ کی بہاریں قائم ہیں اور ہزاروں
فرزندانِ قوم زیور علم سے آراستہ ہوئے۔

دعاگو

محمد خاں قادری

# ضرورت مقالہ

کچھ لوگ بعض اعمال مثلاً جشن میلاد' عرس' مبارک راتوں میں اجتماع کا انعقاد وغیرہ کو حرام قرار دیتے ہوئے فقط یہ دلیل دیتے ہیں کہ انہیں حضور ﷺ نے نہیں کیا۔ لہذا یہ بدعت و حرام ہیں حالانکہ جب تک آپ ﷺ کے ترک کے ساتھ ساتھ اس پر کتاب و سنت میں نہی وارد نہ ہو اسے حرام قرار دینا سراسر زیادتی اور ظلم ہے اسی مسئلہ کی وضاحت کے لئے اس علمی و تحقیقی مقالہ کا ترجمہ مع عربی متن شائع کیا جا رہا ہے۔



# عالم اسلام کے عظیم محدث و مفکر

## امام ابوالفضل عبداللہ محمد بن الصدیق الغماری الحسنی المتوفی ۱۴۱۳ھ

زیر نظر کتاب کے مصنف امام ابوالفضل عبداللہ بن محمد الصدیق الغماری الحسنی ہیں۔ آپ عالم اسلام کی ان اہل علم و فکر شخصیات میں سے ہیں جن کی خدمات کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے اور ان کے عظیم خاندان نے گمراہ کن نظریات و عقائد اور اعمال کے خلاف جو علمی' فکری اور تحقیقی محاذوں پر کام کیا ہے اس دور میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ جس طرح برصغیر میں امام اہل محبت مولانا احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز اور ان کے رفقاء نے ہر طرح کی گمراہ کن تحریکوں کا سینہ تان کر مقابلہ کیا۔ اسی طرح عالم عرب میں شیخ عبداللہ محمد بن الصدیق الغماری اور ان کے خاندان نے نظریات اسلام کی سرحدوں کی خوب حفاظت کی۔ ایک ایک اختلافی مسئلہ پر کتاب و سنت کی روشنی میں مستقل ایسی کتب تحریر کیں جن میں ناقابل تردید دلائل کے انبار لگا دیئے۔ اپنے تو اپنے مخالف بھی دم بخود رہ گئے۔ کسی مخالف کو ان کی تحریرات کا جواب دینے کی جرات نہ ہو سکی۔

ان کی بعض اہم تصانیف کے نام یہ ہیں:

۱۔ اتقان الصنعة فی تحقیق معنی البدعة (بدعت کے بارے میں تحقیق)

۲۔ الرد المحکم المتین علی کتاب القول المبین (عقائد صحیحہ کا اثبات)

۳۔ جواہر البیان فی تناسب سور القران (قرآنی سورتوں کا درمیانی ربط)

۴- النفخة الالهية فی الصلاة علی خیر البریة (درود و سلام)

۵- الاحادیث المنتقاة فی فضائل رسول الله صلی الله علیه وسلم (فضائل و شمائل حضور)

۶- توضیح البیان لوصول ثواب القرآن (ایصال ثواب)

۷- حسن التفهم الدرک لمسالة الترک (مسئلہ ترک)

۸- نهایة الامال فی صحة و شرح حدیث عرض الاعمال

۹- غایة التحریر فی صحت حدیث توسل الضریر

۱۰- النفخة الذکیة فی بیان ان الهجر بدعة شرکیة (مسلمانوں سے تعلق ختم کرنا بدعت ہے)

۱۱- القول المقنع

۱۲- الاربعین الغماریه فی شکر النعم (نعمتوں پر شکریہ کے بارے میں چالیس احادیث)

۱۳- حسن البیان فی لیلة النصف من شعبان (شب برات کی فضیلت)

۱۴- مصباح الزجاجة فی فوائد صلاة الحاجة (نماز حاجت کے فضائل و فوائد)

۱۵- الاستقصاء لادلة تحریم الاستمناء (حرمت مشت زنی)

۱۶- الصبح السافر فی تحقیق صلوة المسافر (نماز مسافر کے بارے میں تحقیق)

۱۷- اتحاف النبلا بفضل الشهادة وانواع الشهداء (شہید اور شہادت کے اقسام)

۱۸- غایة الاحسان فی فضل زکوة الفطر و فضل رمضان (روزہ و رمضان اور صدقہ الفطر کے فضائل)

۱۹- کمال الایمان فی التداوی بالقرآن (علاج بالقرآن)

۲۰- قرة العین بادلة ارسال النبی الی الثقلین (حضور جن و انس کے رسول میں)



۔۔ تنویر البصیرة ببیان علامات الکبیرة (کبیرہ گناہ کی علامات)

۔۔ حاشیه علی المقاصد الحسنة للسخاوی

ایسے ایسے نئے موضوعات پر لکھا جن پر پہلے مواد بہت کم ملتا تھا' مثلاً بندہ کے ... کے مطابق مسئلہ ترک پر مستقل مقالہ سب سے پہلے آپ ہی نے لکھا ہے۔ ... نام "حسن التفهم والدرک لمسالة الترک" ہے۔ اس میں ان لوگوں کی ... تردید کی ہے جو کسی کام کے حرام ہونے پر فقط یہ دلیل دیتے ہیں کہ یہ کام رسول ﷺ نے نہیں کیا۔ آپ نے اس مقالہ میں واضح کیا کہ آپ ﷺ کے کسی ... کو ترک فرمانے کی مختلف حکمتیں ہو سکتی ہیں مثلاً آپ نے اس عمل کو اس لیے ... فرمایا ہو۔

| | |
|---|---|
| ...یکون ترکه مخافة ان یفرض علی امة کترکه صلوة التراویح ... اجتمع الصحابة یصلوها ... (حسن التفهم' ۵) | کہ کہیں یہ میری امت پر فرض ہی نہ ہو جائے مثلاً صحابہ کے نماز تراویح باجماعت کے لیے اکٹھا ہونے کے باوجود آپ نے جماعت نہ کروائی۔ |

... حضرت مولانا احمد رضا خاں قادری قدس سرہ نے اپنی کتاب "ازہار الانوار" میں ... مسئلہ پر تفصیلی گفتگو کی ہے اس سے ایک اقتباس آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

اور اس نماز کو قرآن وحدیث کے خلاف بتانا محض بہتان و افترا، ہرگز ہرگز قرآن وحدیث میں کہیں اس کی ... نہیں، نہ مخالف کوئی آیت یا حدیث اپنے دعوے میں پیش کر سکا، ہر جگہ صرف زبانی ادعا سے کام لیا مگر ... اسب قبیحہ و سفاہت فضیحہ ہے جس میں فرقہ جدیدہ وہابیہ حادثہ قدیم سے مبتلا یعنی قرآن وحدیث میں ... ذکر نہیں وہ ممنوع ہے اگرچہ اس کی ممانعت بھی قرآن وحدیث میں نہ ہو، ان ذی ہوشوں کے نزدیک ... میں کوئی واسطہ ہی نہیں اور عدم ذکر عدم ہے پھر خدا جانے سکوت کس شئے کا نام ہے! ترمذی و ... وحاکم سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی' حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ... فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ...الحلال ما احل الله فی کتابه والحرام ما حرم الله فی کتابه وما سکت فهو مما عفا عنه. | حلال وہ ہے جو خدا نے اپنی کتاب میں حلال کیا اور حرام وہ ہے جو خدا نے اپنی کتاب میں حرام بتایا اور جس سے سکوت فرمایا وہ عفو ہے |

... اس میں کچھ مواخذہ نہیں، اور اس کی تصدیق قرآن عظیم میں موجود کہ فرماتا ہے جل ذکرہ،

| | |
|---|---|
| یا ایها الذین امنوا لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم وان تسئلوا عنها حین ینزل | اے ایمان والو! وہ باتیں نہ پوچھو کہ تم پر کھول دی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر قرآن اترتے وقت |

...عنکم عفا الله عنها والله غفور رحیم۔

...پوچھو گے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی ... سے معافی فرمائی ہے اور اللہ تعالیٰ ... مہربان ہے۔

بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ ان کا حکم دیتے تو فرض ہو جاتیں اور بہت ایسی کہ منع کرتے تو حرام ہو جاتیں جو انہیں چھوڑتا یا کرتا گناہ میں پڑتا، اُس مالک مہربان نے اپنے احکام میں اُن کا ذکر نہ فرمایا یہ کچھ بھول کر نہیں تو بھول اور ہر عیب سے پاک ہے بلکہ ہمیں پر مہربانی کے لئے کہ یہ مشقت میں نہ پڑیں تو مسلمانوں کو فرمایا تم بھی اُن کی چھیڑ نہ کرو کہ پوچھو گے حکم مناسب دیا جائے گا اور تمہیں کو دقت ہوگی۔ اس آیت سے صاف ... کہ جن باتوں کا ذکر قرآن و حدیث میں نہ نکلے وہ ہرگز منع نہیں بلکہ اللہ کی معافی میں ہیں۔ دارقطنی ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان الله تعالیٰ فرض فرائض فلا تضیعوھا، وحرم حرمات فلا تنتھکوھا، وحد حدودا فلا تعتدوھا، وسکت عن اشیاء من غیر نسیان فلا تبحثوا عنھا۔

بیشک اللہ تعالیٰ نے کچھ باتیں فرض کیں انہیں ہاتھ سے نہ دو اور کچھ حرام فرمائیں اُن کی حرمت ... اور کچھ حدیں باندھیں اُن سے آگے نہ بڑھو ... چیزوں سے بے بھولے سکوت فرمایا اُن میں ... نہ کرو۔

احمد و بخاری و مسلم و نسائی و ابن ماجہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ذرونی ما ترکتکم فانما ھلک من کان قبلکم بکثرۃ سؤالھم واختلافھم علی انبیاءھم فاذا نھیتکم عن شیء فاجتنبوہ واذا امرتکم بامر فاتوا منہ ما استطعتم۔

یعنی جس بات میں میں نے تم پر تضییق نہ کی ... مجھے تفتیش نہ کرو کہ اگلی اُمتیں اسی بلا ... ہوئیں میں جس بات کو منع کروں اس ... بچو اور جس کا حکم دوں اسے بقدر قدرت ... بجا لاؤ۔

احمد و بخاری و مسلم سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اعظم المسلمین فی المسلمین جرما من سأل عن شیء لم یحرم علی الناس فحرم من اجل مسألتہ۔

بیشک مسلمانوں کے بارے میں اُن کا بڑا ... وہ ہے جو ایسی چیز سے سوال کرے کہ حرام نہ ... کے سوال کے بعد حرام کر دی گئی۔

یہ احادیث باعلیٰ ندا منادی کہ قرآن و حدیث میں جن باتوں کا ذکر نہیں نہ اُن کی اجازت ثابت نہ ممانعت ... اصل جواز پر ہیں ورنہ اگر جس چیز کا کتاب و سنت میں ذکر نہ ہو مطلقاً ممنوع و نادرست ٹھہرے تو اس سوال کرنے ... کیا ... اُس کے بغیر پوچھے بھی وہ چیز ناجائز ہی رہتی۔ بالجملہ یہ قاعدہ نفیسہ ہمیشہ یاد رکھنے کا ہے کہ قرآن و حدیث ... جس چیز کی بھلائی یا برائی ثابت ہو وہ بھلی یا بری ہے اور جس کی نسبت کچھ ثبوت نہ ہو وہ معاف و جائز و مباح ... اور اس کو حرام و گناہ و نادرست و ممنوع کہنا شریعت مطہرہ پر افترا۔



...ربنا تبارک وتعالیٰ لا تقولوا لما تصف السنتکم الکذب ھذا حلال وھذا حرام لتفتروا علی الله الکذب ان الذین یفترون علی الله الکذب لا یفلحون۔

ہمارے رب تعالیٰ نے فرمایا، اپنی زبانوں کا من گھڑت جھوٹ مت کہو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ افترا کرتے ہو بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ پر افترا کریں وہ فلاح نہیں پائیں گے۔ (ت)

اسی طرح اس نماز کو طریقہ خلفائے راشدین و صحابہ کرام کے خلاف کہنا بھی اُسی سفاہت قدیمہ پر مبنی ... فعل اُن سے منقول نہ ہو نا اُن کے نزدیک ممنوع تھا حالانکہ عدم ثبوت فعل و ثبوت عدم جواز میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ امام علامہ احمد بن محمد قسطلانی شارح صحیح بخاری مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں فرماتے ہیں:

الفعل یدل علی الجواز وعدم الفعل لا یدل علی المنع۔

کرنا تو جواز کی دلیل ہے اور نہ کرنا ممانعت کی دلیل نہیں۔

رافضیوں نے اس طائفہ جدیدہ کی طرح ایک استدلال کیا تھا اس کے جواب میں شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں:

کردن چیزے دیگر ست و منع فرمودن چیزے دیگر است ...۔

نہ کرنا اور چیز ہے اور منع کرنا اور چیز ہے ...۔ (ت)

امام محقق علی الاطلاق فتح القدیر میں بعد بیان اس امر کے کہ اذان مغرب کے بعد فرضوں سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا نہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے نہ صحابہ سے۔ فرماتے ہیں:

ثم الثابت بعد ھذا نفی المندوبیۃ اما ثبوت الکراھۃ فلا الا ان یدل دلیل اٰخر۔

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و صحابہ کرام کے نہ کرنے سے اس قدر ثابت ہوا کہ مندوب نہیں، رہی کراہت وہ اس سے ثابت نہ ہوئی جب تک اور کوئی دلیل اس پر قائم نہ ہو۔

۱۔ نہایۃ الآمال کا ترجمہ "نگاہ نبوت اور مشاہدہ اعمال امت" کے نام سے عالمی دعوت اسلامیہ نے شائع کر دیا ہے۔

۲۔ غایۃ التحریر فی بیان صحت حدیث توسل الضریر کا ترجمہ بھی عنقریب شائع ہو جائے گا۔

۳۔ حسن التفہم کا ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

شیخ عیسیٰ عبداللہ بن مانع الحمیری سربراہ اوقاف دبئ اس رسالہ کے ابتدائیہ میں لکھتے ہیں۔

وقد استوفی المصنف بحثاً لم یسبق الیہ ولم یغلب بفضل الله علیہ وھو بحث الترک الذی

مصنف نے ایسی کامل بحث فرمائی ہے کہ اس سے پہلے نہیں ملتی اور اللہ کے فضل سے اس کا کوئی جواب نہیں اور یہ اس

...بامر تو نہی

ترک پر ہے جس کے ساتھ کسی امر یا ... کا اتصال نہیں۔

مصنف کا وصال ۲۰ شعبان ۱۴۱۳ھ کو ہوا۔

یہ مقالہ محدث غماری نے اپنے عظیم شاگرد شیخ محمود سعید ممدوح مدظلہ کی گزارش پر لکھا۔ شیخ محمود سعید اس دور کے عظیم محدث اور فاضل ہیں۔ انہوں نے مختلف موضوعات پر نہایت ہی علمی کام کیا ہے۔ ان کی چند تصانیف کا تعارف بھی ملاحظہ کر لیجئے۔

۱۔ رفع المنارہ لتخریج احادیث التوسل والزیارۃ

بارگاہ نبوی میں حاضری کے بارے میں جو احادیث ہیں ان کے متن و سند پر مخالفین نے اعتراضات وارد کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ قابل استدلال نہیں۔ شیخ ممدوح نے اس کتاب میں ان تمام اعتراضات کا مسکت جواب لکھ کر مخالفین کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ اس کے زیارت والے حصہ کا ترجمہ علامہ محمد عباس رضوی نے کر دیا ہے۔

۲۔ اس موضوع پر آپ نے ایک اور مقالہ تحریر فرمایا جس کا نام "الاعلام باستحباب شد الرحل الی زیارۃ خیر الانام" اس کا ترجمہ مولانا ممتاز احمد سدیدی نے کیا ہے عالمی دعوت اسلامیہ نے شائع کر دیا ہے۔

۳۔ تمام امت مسلمہ تسبیحات و وظائف شمار کرنے کے لیے ہاتھ میں تسبیح رکھتے ہیں، کچھ لوگوں نے اس کے بدعت ہونے کا فتویٰ جڑ دیا۔ شیخ ممدوح نے اس مسئلہ پر مکمل کتاب تصنیف کی جس کا نام "وصول التہانی" ہے۔

۴۔ کچھ لوگوں نے حدیث نماز تسبیح کے بارے میں یہ غلط فہمی پیدا کرنے کی کوشش کی کہ یہ ثابت ہی نہیں۔ شیخ نے امام ابن ناصر الدین دمشقی کی کتاب "الترجیح لحدیث صلاۃ التسبیح" شائع کی اور اس پر نہایت ہی علمی حاشیہ تحریر کیا۔

۵۔ شیخ ناصر الدین البانی نے حدیث پر جو کام کیا اس میں جابجا تضادات کی نشاندہی مختلف اہل علم نے کی ہے۔ اس سلسلہ میں یہاں شیخ غماری کے ایک عظیم شاگرد شیخ حسن بن علی السقاف کا کام "تناقضات الالبانی الواضحات فیما وقع له فی تصحیح الاحادیث و تضعیفها من اخطا و غلطات" قابل ذکر ہے وہاں شیخ محمود سعید ممدوح کا کام بصورت "تنبیه المسلم الی تعدی الالبانی علی



صحیح مسلم" نہایت ہی قابل داد و تحسین ہے۔

مقدمہ میں اس کتاب کی غرض و غایت یوں تحریر کرتے ہیں:

فقد وقفت علي كلام الشيخ الالباني ضعف فيه جملة من الاحاديث التي في (صحيح مسلم) فتكلم عليها بما يوكد خطاه ويثبت خروجه علي ماقرره العلماء من صحتها وتلقيها القبول المفيد للعلم وكلامه يدعو الى التشكيك في صحيح الامام مسلم و فيه من الاغراب والمخالفة والتعقيب على المتقدمين مايوهم المغترين به انه استدرك على الائمة المتقدمين كالبخاري ومسلم فضلا" من المتاخرين — وقد رايت ان السكوت على هذا التعدي غير مقبول ويلحق العارف به الاثم لذلک كتبت هذا (التنبيه) ادفع به بعون الله تعالٰى كل تعديه على صحيح مسلم و قد سميته تنبيه المسلم الى تعدي الالباني على صحيح مسلم۔ (تنبيه المسلم، ۷)

میں شیخ البانی کے ایسے کلام پر آگاہ ہوا جس میں انہوں نے صحیح مسلم کی متعدد احادیث کو ضعیف قرار دیتے ہوئے ایسی گفتگو کی جس سے امام مسلم کا خاطی ہونا اور ان اصولوں سے نکلنا لازم آتا ہے جو علماء کے ہاں مسلم اور مقبول ہیں۔ ان کا کلام صحیح امام کے بارے میں تشکیک کی دعوت دیتا ہے اور اس میں ایسی مخالفت، اغراب اور متقدمین پر تعقیب ہے جو دھوکہ دینے والوں کو موقع فراہم کر رہی ہے کہ انہوں نے بخاری و مسلم جیسے متقدمین کی کمی کا ازالہ کیا ہے۔ متاخرین تو کسی کھاتے میں نہیں —— تو میں نے محسوس کیا کہ اس زیادتی پر خاموش رہنا جائز نہیں۔ اس سے آگاہ ہونے کے باوجود رد نہ کرنا گناہ کا ذریعہ ہے لہذا میں نے اللہ کی توفیق سے البانی کی زیادتیوں پر لکھا ہے اور اس کا نام "تنبیه المسلم علی تعدی الالبانی علی صحیح مسلم" رکھا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے اس بات کا خوب اندازہ ہو جاتا ہے کہ شیخ موصوف کی علم حدیث اور اصول حدیث پر کتنی نظر ہے؟

ان علمی چیزوں کو خود پڑھئے دوسروں تک پہنچایئے اور ان کی اشاعت میں تعاون فرمایئے تاکہ عقائد و اعمال صحیحہ کی آبیاری ہو سکے۔

اسلام کا ادنیٰ خادم
محمد خان قادری
جامعہ اسلامیہ لاہور



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تمام حمد و ثنا اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں سیدھے راستہ کی رہنمائی فرمائی' ہمیں معرفت حجت و دلیل کی توفیق دی' صلوٰۃ و سلام ہو ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر' آپ کی مبارک آل پر' اللہ تعالیٰ آپ کے صحابہ و تابعین سے راضی ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد۔

ایک فاضل شاگرد محمود سعید نے مجھے کہا کہ آپ مسئلہ ترک پر رسالہ تحریر فرما دیں جو قارئین کو پریشانی اور تشکیک سے نجات عطا کر دے۔ آپ نے اپنی کتاب اتقان الصنعه میں ان پر لکھا ہے مگر وہ نہایت مختصر ہے' بندہ نے ان کے شوق کو سراہتے ہوئے ان کی رائے کو قبول کر لیا' مذکور مسئلہ پر یہ رسالہ تحریر کیا ہے تاکہ اس کا ہر قاری کسی بھی مسئلہ پر استدلال کے معاملہ میں ذہن کو واضح رکھ سکے اور اسے دلیل مقبول اور غیر مقبول کی پہچان ہو جائے۔

واللّٰہ الموفق والہادی وعلیہ اعتمادی

## مقدمہ

وہ دلائل جن سے تمام آئمہ اسلام استدلال کرتے ہیں درج ذیل ہیں۔
۱۔ کتاب اللہ ۲۔ سنت رسول
ان دونوں کے بارے میں ائمہ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔
۳۔ اجماع ۴۔ قیاس۔
جمہور علما ان کو بھی دلیل تسلیم کرتے ہیں۔
علم اصول میں بیان کردہ دلائل کی بنا پر یہی رائے راجح و مختار ہے۔
درج ذیل دلائل میں ائمہ اربعہ کا اختلاف ہے۔
۱۔ حدیث مرسل ۲۔ صحابی کا قول ۳۔ سابقہ شریعت ۴۔ استصحاب ۵۔ استحسان اہل مدینہ کا عمل' ان پر تفصیلی گفتگو کے لیے امام سبکی کی کتاب جمع الجوامع کے باب الاستدلال کا مطالعہ کیجئے۔

## حکم شرعی کسے کہتے ہیں

اللہ تعالیٰ کا وہ خطاب جس کا تعلق مکلف کے کسی فعل سے ہو' حکم شرعی کہلاتا ہے اس کی پانچ اقسام ہیں۔
۱۔ **فرض یا واجب**' یعنی جس کے بجالانے والے کو ثواب اور تارک کو عتاب ہو مثلاً نماز' زکوۃ' رمضان کا روزہ' والدین کی خدمت۔
۲۔ **حرام**' جس کے بجالانے پر عتاب اور تارک کو ثواب ہو مثلاً سود' زنا' والدین کی بے قدری' شراب۔



۳۔ **مندوب**' جس کے بجالانے والے کے لیے ثواب مگر تارک پر عتاب نہ ہو مثلاً نماز نفل۔
۴۔ **مکروہ**' جس کے تارک کو ثواب لیکن بجالانے کے لیے عتاب نہ ہو مثلاً نماز فجر اور نماز عصر کے بعد نوافل۔
۵۔ **مباح یا حلال**' جس کے فعل و ترک دونوں پر عتاب و ثواب نہ ہو مثلاً تجارت' حلال اشیاء کھانا۔

یہ وہ اقسام ہیں جن پر فقہ اسلامی کا مدار ہے' کسی مسئلہ کو ثابت کرنے والے کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ ان میں سے کسی بھی حکم کو کسی ایسی دلیل سے ثابت کرے جو سابقہ دلائل میں شامل نہیں خواہ وہ مجتہد صحابی ہو یا غیر صحابی۔

یہ بات اظہر من الشمس اور ضروریات دین میں سے ہے جس کے انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔

## ترک کی تعریف

ترک سے مراد دو چیزیں ہیں۔
۱۔ حضور ﷺ نے وہ فعل و عمل نہیں فرمایا۔
۲۔ کسی صحابی اور تابعی نے نہیں کیا اور اس پر کوئی حدیث نبوی یا اثر صحابی بیان نہ کیا جو شی متروک کے حرام یا مکروہ ہونے پر دال ہو۔

متاخرین میں بہت سے لوگوں نے اشیاء کی حرمت و مذمت پر اسے دلیل بنا رکھا ہے' بعض ہٹ دھرم اور ضدی لوگوں نے اسے بے تحاشا استعمال کیا ہے مثلاً ابن تیمیہ نے متعدد جگہ پر اس پر اعتماد کرتے ہوئے اس سے استدلال کیا ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس پر گفتگو آرہی ہے۔

## ترک کی وجوہ

حضور علیہ السلام نے کسی شی کو ترک فرمایا تو ضروری نہیں کہ اس کے حرام ہی ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ نے اسے ترک فرمایا ہو' بلکہ اس کے ترک کی اور کئی وجوہ ہو سکتی ہیں۔

## ۱۔ عادۃً" ترک فرمادیا ہو

مثلاً بخاری و مسلم میں حدیث ہے آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں بھونی ہوئی گوہ پیش کی گئی' آپ نے تناول فرمانے کے لیے ابھی دست مبارک بڑھایا ہی تھا تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ یہ گوہ کا گوشت ہے۔ آپ نے اسے تناول نہ فرمایا پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ حرام ہے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| لاولکنہ لم یکن بارض قومی فاجدنی اعافہ | حرام تو نہیں ہے ہمارے علاقہ میں یہ پایا نہیں جاتی اس لیے میں اسے پسند نہیں کرتا۔ |

اس واقعہ سے دو باتیں ثابت ہو رہی ہیں۔

۱۔ آپ" کا کسی شی کو ترک فرمانا اگرچہ کرنے کی تیاری کے بعد ہو اس کے حرام ہونے پر دال نہیں ہوتا۔

۲۔ آپ" کا طبعاً" کسی شی کو ناپسند فرمانا بھی اس کی حرمت کی دلیل نہیں ہوتا۔

## ۲۔ نسیاناً" ترک فرمایا ہو

مثلاً نماز میں سہو ہو گیا' چار کے بجائے دو پڑھائیں۔ آپ سے عرض کیا گیا تو فرمایا میں بھی انسان ہوں تمہاری طرح بھول جاتا ہوں جب بھول جاؤں تو یاد دلایا کرو۔

## ۳۔ امت پر فرض ہونے کے خوف کے پیش نظر ترک فرمایا ہو

مثلاً نماز تراویح' صحابہ کرام کے اجتماع کے باوجود آپ" نے جماعت نہ کروائی (کہیں میری امت پر فرض نہ ہو جائیں)

## ۴۔ آپ نے اس کی ضرورت ہی محسوس نہ کی ہو

مثلاً آپ" کھجور کے تنے کے ساتھ کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرماتے' صحابہ کرام نے محسوس کیا آپ کے لیے منبر ہونا چاہیے۔ منبر کے بارے میں عرض کیا گیا آپ نے اسے پسند فرمایا کیونکہ یہ لوگوں تک آواز پہنچانے میں معاون ہے۔ اسی طرح آپ کی



[محسوس] نہ تھی مگر صحابہ نے آپس میں مشورہ کیا کہ آپ کے لیے بلند جگہ ہونی چاہیے [کیونکہ] باہر سے آنے والے وفود کو آپ کے بارے میں پوچھنا پڑھتا ہے۔ عرض کیا گیا تو آپ نے قبول فرمالیا مگر خود اس کے لیے رائے نہ دی۔

## ۵۔ عمومی آیات یا احادیث کے حکم کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے ترک فرمایا ہو

مثلاً چاشت کی نماز اور دیگر بہت سے مندوبات جو باری تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کے تحت آتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وافعلو الخیر لعلکم تفلحون | خیر کے کام کرو تاکہ تم کامیابی پاؤ۔ |

## ۶۔ اس لیے ترک فرمایا ہو کہ کہیں نو مسلم لوگوں کو غلط فہمی پیدا نہ ہو

مثلاً بخاری و مسلم میں ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے آپ" نے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| لولا حداثۃ قومک بالکفر لنقضت البیت ثم لبینتہ علی اساس ابراھیم علیہ السلام فان قریشا استقصرت بناءہ | اگر نئے نئے لوگ مسلمان نہ ہوئے ہوتے تو میں کعبہ ڈھا دیتا اور اسے انہی بنیادوں پر تعمیر کرتا جن پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا کیونکہ قریش نے اس کی تعمیر میں کمی کی ہے۔ |

تو یہاں خانہ کعبہ کی تعمیر نو کو محض آپ" نے اس لیے ترک فرمایا تاکہ لوگوں میں غلط فہمی پیدا نہ ہو۔

الغرض آپ نے اگر کسی شی کو ترک فرمایا تو اس کی متعدد حکمتیں ہوں گی' کسی حدیث یا قول صحابی میں یہ نہیں ہے کہ جس شی کو آپ نے ترک فرمایا وہ حرام ہوگی۔

## ترک' حرام ہونے پر دلیل نہیں ہوتا

ہم نے اپنی کتاب "الرد المحکم المتین" میں واضح کیا ہے کہ شی کا ترک اس کی حرمت پر دال نہیں ہوا کرتا وہ تمام گفتگو درج ذیل ہے۔

اگر ترک کے علاوہ اس عمل کے ممنوع ہونے پر کوئی نص نہ ہو تو فقط ترک

اس کی ممنوعیت پر حجت نہیں ہوتا بلکہ یہ زیادہ سے زیادہ اس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ اس عمل کا ترک جائز ہے رہا یہ معاملہ کہ وہ فعل ممنوع ہے تو یہ محض ترک سے ثابت نہیں ہو سکتا بلکہ اس کے لیے کسی اور دلیل کا ہونا ضروری ہے۔

## امام ابو سعید بن لب اور ضابطہ

امام ابو سعید بن لب نے یہ ضابطہ بھی ذکر کیا ہے' انہوں نے نماز کے بعد دعا مکروہ ٹھہرانے والوں کا رد کرتے ہوئے کہا۔

نماز کے بعد منکرین دعا نے جو دلیل دی ہے اس سے زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ اس طریقہ کا التزام' سلف سے ثابت نہیں' اگر صحت نقل کو تسلیم بھی کر لیا جائے۔ تو

فالترک لیس بموجب لحکم فی ذلک المتروک الا لجواز الترک انتفاء الحرج فیہ واما تحریم او لصوق کراھیۃ بالمتروک فلا' ولاسیما فیما لہ اصل جملی متقرر من الشرع کالدعا

ترک' متروک کے لیے کسی حکم کو واجب نہیں کرتا ہاں اس سے اس فعل کے ترک کا جواز اور بجا لانے کی پابندی کی نفی ہوتی ہے۔ رہا اس متروک کا حرام یا مکروہ ہونا تو ترک سے یہ ثابت نہیں ہوتا خصوصاً اس عمل میں جس کی شریعت میں اجمالاً اصل موجود ہو مثلاً دعا

## شیخ ابن حزم کی تائید

شیخ ابن حزم نے المحلی میں مالکی اور حنفی علماء کا نماز مغرب سے پہلے نوافل کی کراہت پر امام نسفی کا یہ قول بطور استدلال ذکر کیا۔

ان ابابکر و عمر و عثمان کا نوا لایصلونھا

حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم مغرب سے پہلے یہ نفل نہیں پڑھتے تھے۔

پھر اس استدلال کا ان الفاظ کے ساتھ رد کیا۔



[…] صح لما کانت فیہ حجۃ لانہ [ل]یس فیہ انھم رضی اللہ عنھم نھوا [عنھ]ا

اگر یہ روایت صحیح بھی ہو تو یہ دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ اس میں یہ کہاں ہے کہ انہوں نے اس نماز سے منع کیا ہے۔

ایک اور ان کی دلیل نقل کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

[ما ر]ایت احدا" یصلیھا

میں نے کسی کو یہ رکعتیں ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

اس کا رد یوں کیا۔

[…]ضا" فلیس فی ھذا لو صح نھی [ع]نھما ونحن لاننکر ترک [الت]طوع مالم ینہ عنہ

(المحلی ۲: ۲۵۴)

اگرچہ روایت صحیح بھی ہو تو اس میں ان رکعات سے منع کرنا کہاں ہے اور ہم ترک نوافل کا انکار نہیں کریں گے جب تک اس سے منع ثابت نہ ہو۔

المحلی کے دوسرے مقام پر نماز عصر کے بعد نوافل پر گفتگو کرتے ہوئے [رق]مطراز ہیں کہ حدیث علی تو قطعاً حجت نہیں۔

[…] لانہ لیس فیہ الا اخبارہ بما علم من [ا]نہ لم یر رسول اللہ صلی اللہ علیہ [وسلم یص]لاھما ولیس فی ھذا نھی [ع]نھما ولا کراھۃ لھا فما صام علیہ [الس]لام قط شھرا کاملا غیر [رم]ضان ولیس ھذا بموجب کراھیۃ صوم شھر کامل تطوعا

(المحلی ۲: ۲۷۱)

اس میں تو صرف اتنی بات ہے کہ انہوں نے یہ بیان کر دیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ رکعتیں پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا' اس میں نہ تو ان سے منع ہے اور نہ ہی کراہت ہے (آپ ذرا غور کریں) آپؐ نے رمضان کے علاوہ پورا مہینہ کبھی روزہ نہیں رکھا مگر یہ چیز نفلاً پورا مہینہ روزہ رکھنے کی کراہت کو مستلزم تو نہیں ہے۔

یہ عبارات صراحۃ" دال ہیں کہ محض ترک کسی شی کی کراہت کو مستلزم [ن]ہیں چہ جائیکہ اس سے کسی شی کا حرام ہونا ثابت ہو۔ کچھ ہٹ دھرم لوگ اس ضابطہ [کا ا]نکار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ اصول فقہ کا ضابطہ ہی نہیں حالانکہ ان کا یہ قول ان

کی جہالت اور عقل بیمار پر دال ہے۔

## اس کے ضابطہ ہونے پر دلائل

آیئے ہم اس پر دلائل ذکر کیے دیتے ہیں۔

ا۔ کسی فعل کے حرام ہونے پر تین اشیاء میں سے کسی کا ہونا ضروری ہے۔

ا۔ اس پر نہی وارد ہو۔

لاتقربوا الزنا — زنا کے قریب نہ جاؤ

ولاتاکلوا اموالکم بینکم بالباطل — تم ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ

۲۔ اس عمل کے بارے میں لفظ تحریم و حرام وارد ہو۔ مثلاً

حرمت علیکم المیتۃ — تم پر مردار حرام کیا گیا ہے

۳۔ اس فعل کی مذمت یا اس پر عقاب کی وعید ہو۔ مثلاً

من غش فلیس منا — جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں

ترک ان تینوں میں سے ایک بھی نہیں لہٰذا اس سے حرمت کا ثبوت ہرگز نہیں ہوگا۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔

وما اتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا — اور جو کچھ رسول تمہیں دیں وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں اس سے رک جاؤ۔

اس میں یہ تو نہیں فرمایا۔

وما ترکہ فانتھوا عنہ — جسے آپ نے ترک فرمایا اس سے رک جاؤ۔

تو ترک ہرگز مفید تحریم نہیں۔

۳۔ حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

وما امرتکم بہ فاتوا منہ مااستطعتم وما نھیتکم عنہ — جس کا میں تمہیں حکم دوں اسے اپنی طاقت کے مطابق بجا لاؤ اور جس سے



فاجتنبوہ — میں منع کروں اس سے بچو۔

آپ نے یہ تو نہیں فرمایا۔

وما ترکتہ فاجتنبوہ — جسے میں ترک کروں اس سے بچو

تو اب ترک کسی کی حرمت پر کیسے دال ہو سکتا ہے؟

۴۔ علماء اصول نے سنت کی تعریف یوں کی ہے۔

ھی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم وفعلہ و تقریرہ — حضور ﷺ کا ارشاد گرامی، فعل اور آپ کا کسی عمل کی تائید کرنا

انہوں نے "ترکہ" (آپ نے نہ کیا ہو) نہیں کہا کیونکہ ترک دلیل ہی نہیں بنتا۔

۵۔ پہلے گزر چکا ہے کہ حکم خطاب اللہ کا نام ہے، اور علماء اصول نے واضح کر دیا ہے کہ اس پر دال قرآن، سنت، اجماع یا قیاس ہو سکتا ہے، ترک ان میں سے کوئی بھی نہیں لہٰذا وہ دلیل نہیں بن سکتا۔

۶۔ یہ بھی پیچھے بیان ہو چکا کہ ترک میں تحریم کے علاوہ متعدد احتمال ہیں اور اصولی قاعدہ یہ ہے کہ جس دلیل میں احتمال ہو اس سے استدلال ساقط ہو جاتا ہے۔

بلکہ پیچھے یہ بھی گزرا کہ اگر کسی شی کو حضور ﷺ نے ترک فرمایا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں لیا جا سکتا کہ وہ فعل حرام ہے اور یہ بات تنہا، ترک سے استدلال کے بطلان پر کافی ہے۔

۷۔ ترک اصل ہے کیونکہ یہ عدم فعل کا نام ہے اور عدم اصل ہوتا ہے اور فعل عارضی ہے اصل نہیں اور اصل کسی شی پر لغۃ اور شرعاً دلالت ہی نہیں کرتا (کہ وہ جائز ہے یا ناجائز) لہٰذا ترک ہرگز کسی عمل کی حرمت کا تقاضا نہیں کر سکتا۔

## غیر پسندیدہ اقوال

شیخ ابن سمعانی کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ نے کسی شی کو ترک فرمایا تو اس کی اتباع ہم پر لازم ہے اس پر دلیل یہ دی کہ جب آپؐ نے گوہ سے دست مبارک کھینچ لیا تو صحابہ بھی کھانے سے رک گئے اور آپ سے پوچھ کر کھایا۔

جواب: ہم کہتے ہیں آپؐ کا جواباً" فرمانا کہ یہ حرام نہیں، دلالت کر رہا ہے کہ

ترک حرمت کا تقاضا نہیں کرتا' حدیث میں ابن سمعانی کے لیے نہیں بلکہ ان کے خلاف دلیل ہے۔

پہلے یہ بھی تفصیلاً" گزر چکا ہے کہ ترک میں متعدد احتمال ہوتے ہیں تو آپؐ کی کسی ایسے معاملہ میں متابعت کیسے لازم قرار دی جا سکتی ہے جس میں عادت' سہو وغیرہ کا احتمال ہو۔

## ابن تیمیہ کی گفتگو

ابن تیمیہ سے سوال ہوا' جو شخص زیارت قبور کرتا ہے اور صاحب قبر کو وسیلہ وغیرہ بناتا ہے ان سے تکلیف رفع کے لیے دعا کرواتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

اس کا انہوں نے بڑا تفصیلی جواب دیا جس میں لکھا۔

"ایسا عمل صحابہ و تابعین میں سے کسی نے نہیں کیا' نہ آئمہ میں سے کسی نے ایسا کرنے کا حکم دیا یعنی انہوں نے حضور ﷺ کے وصال کے بعد آپ سے دعا کے بارے میں عرض نہیں کیا جیساکہ وہ آپ کی ظاہری حیات میں عرض کیا کرتے تھے۔

## تحقیقی رد

یہ گفتگو متعدد وجوہ کی بنا پر دلیل نہیں بن سکتی۔

۱۔ صحابہ کا یہ فعل امر اتفاقی ہو اس میں یہاں یہ احتمال ہے کہ یہ عمل ناجائز ہے وہاں اس میں یہ بھی تو احتمال ہو سکتا ہے کہ یہ عمل جائز تھا مگر انہوں نے افضل کو اختیار کر لیا وغیرہ۔

اور قاعدہ یہ ہے کہ جب احتمال آگیا تو استدلال باطل ہو گیا۔

ہم یہاں یہ واضح کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ صحابہ نے عدم جواز کی وجہ سے یہ عمل ترک نہیں کیا۔

ہماری بات کی تائید اس واقعہ سے ہوتی ہے۔

صحابی رسول حضرت بلال بن حارث المزنی قحط کے سال حضور ﷺ کے مزار مبارک کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| یا رسول اللہ استسق لامتک | اے اللہ کے رسول اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمایئے۔ |

آپؐ ان کے خواب میں تشریف لائے اور فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اذھب الی عمر واخبرہ انکم مسقون وقل لہ علیک الکیس الکیس | عمر کے پاس جاؤ اطلاع کرو بارش ہو جائے گی اور ان سے کہو خوب محنت اور دانائی سے کام لو۔ |

حضرت عمرؓ کو اطلاع دی گئی تو آپ رو پڑے اور عرض کیا۔

| | |
|---|---|
| اللھم ما الو الا ما عجزت عنہ | اے اللہ ہر وہ کام جو مجھ سے بھاری ہے اس کے علاوہ میں سستی نہیں کرتا۔ |

حضرت عمرؓ ان کے اس عمل پر ناراض نہ ہوئے اور نہ منع فرمایا اگر یہ عمل ناجائز ہوتا تو آپ انہیں ضرور منع فرماتے۔

## یہ حدیث صحیح ہمارے موقف کے خلاف نہیں

امام بخاری نے صحیح میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنوائی تو صحابہ نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوالیں۔ آپ نے فرمایا میں نے سونے کی انگوٹھی بنوائی تھی۔ میں اسے نہیں پہنوں گا اور آپ نے اسے پھینک دیا' صحابہ نے بھی انگوٹھیاں پھینک دیں۔

(البخاری' باب الاقتدا بافعال النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

حافظ ابن حجر نے اس کے تحت فرمایا۔

امام بخاری نے یہاں ایک ہی مثال پر اکتفا کیا ہے کیونکہ یہ صحابہ کی اقتدا فعل اور ترک دونوں پر مشتمل ہے۔

